## خطہ قومی راجدھانی حکومت دہلی
## دہلی ڈزاسٹر مینجمنٹ اتھارٹی

No.F/2/07/2020/S.I/97 Dated: 26/04/2020

### حکم نامہ

حکم نامہ نمبر F/2/07/2020/S.I/53 مؤرخہ 15/04/2020 کے تسلسل میں اور ڈزاسٹر مینجمنٹ ایکٹ، 2005 کی دفعہ 22 کے تحت تفویض کردہ اختیارات کا استعمال کرتے ہوئے، ذیل میں دستخط کنندہ، بذریعہ ٰہذا دہلی کے تمام محکمہ جات / خود مختار اداروں / مقامی اتھارٹیز کے ذریعے سختی سے عمل آوری کے لیے نظر ثانی شدہ مکمل رہنماہدایات میں مندرجہ ذیل ترمیمات کا حکم دیتا ہے:

ردوبدل

ضمنی فقرہ 1(x) میں، 'شاپنگ کمپلکس' کی اصطلاح کو 'میونسپل کارپوریشنوں اور میونسپلٹیوں کی حدود کے اندر مارکیٹ کمپلکس' سے بدلا جاتا ہے۔

شمولیت

تجارتی اور پرائیویٹ اداروں پر فقرہ 14 کے تحت ضمنی فقرہ (xiii) اور (xiv)

(xiii) شاپس اینڈ اسٹیبلشمنٹ ایکٹ کے تحت رجسٹرڈ تمام دکانیں، بشمول رہائشی کمپلکسوں اور مارکیٹ کمپلکسوں میں واقع دکانیں، سوائے ملٹی برانڈ اور سنگل برانڈ مالس کی دکانوں کے، **میونسپل کارپوریشنوں اور میونسپلٹیوں کی حدود سے باہر**، ماسک اور سماجی فاصلے کے لزوم اور 50% کارکنوں کے ساتھ۔

(xiv) تمام دکانیں، بشمول پڑوس کی دکانیں اور اسٹینڈ الون دکانیں، رہائشی علاقوں میں واقع دکانیں، **میونسپل کارپوریشنوں اور میونسپلٹیوں کی حدود کے اندر**، شاپس اینڈ اسٹیبلشمنٹ ایکٹ کے تحت رجسٹرڈ تمام دکانیں، سوائے ملٹی برانڈ اور سنگل برانڈ مالس کی دکانوں کے، ماسک اور سماجی فاصلے کے لزوم اور 50% کارکنوں کے ساتھ۔

وزارت داخلہ، بھارت سرکار کے حکم نامہ نمبر 40-3/2020-DM-I(A) مؤرخہ 24.04.2020 کی پیروی میں، خطہ قومی راجدھانی دہلی میں مندرجہ بالا سرگرمیوں کو فوری نفاذ اور سماجی فاصلے اور کووڈ-19 کے دیگر مقررہ پروٹوکولس کی سخت پابندی کے ساتھ لفظاً و معناً چلنے کی اجازت دی جائے

گی۔ تحدیدی مقامات (containmentzones) ان رعایات کے دائرے سے باہر ہوں گے اور وہاں پر وزارت صحت اور خاندانی بہبود، بھارت سرکار کے ذریعے طے کیے گئے معیاری طریق عمل (SOP) کے ضابطے سختی سے لاگو کئے جائیں گے۔

پولیس کے ضلع ڈپٹی کمشنر، اس امر کو یقینی بناتے ہوئے کہ کووڈ-19 کو پھیلنے سے روکنا ضلع انتظامیہ کا خاص اور اولین مقصد ہے، اس حکم نامے کی سخت سے پابندی کو یقینی بنائیں گے اور اس پر سختی سے کامیابی کے ساتھ عمل آوری کے لیے دہلی میں زمینی سطح پر فیلڈ میں کام کرنے والے تمام کارکنوں کے علم میں لائیں گے۔

مندرجہ بالا سرگرمیوں کو حکم نامہ نمبر 64/S.I/2020/07/F.2 مؤرخہ 19.04.2020 کے دائرے سے باہر رکھا جائے گا۔

(وجے دیو)
چیف سیکرٹری، دہلی

بخدمت:

1. خطہ قومی راجدھانی حکومت دہلی کے تمام اڈیشنل چیف سیکرٹری / پرنسپل سیکرٹری / سیکرٹری صاحبان / خطہ قومی راجدھانی حکومت دہلی کے محکمہ جات کے سربراہان
2. کمشنر آف پولیس، دہلی
3. چیرمین، نئی دہلی میونسپل کونسل
4. پرنسپل سیکرٹری (ڈی آئی پی) خطہ قومی راجدھانی وسیع تشہیر کے لیے
5. کمشنر (جنوبی دہلی میونسپل کارپوریشن / مشرقی دہلی میونسپل کارپوریشن / شمالی دہلی میونسپل کارپوریشن)
6. سی۔ای۔او۔، دہلی کنٹونمنٹ بورڈ۔
7. دہلی کے تمام ڈسٹرکٹ مجسٹریٹ
8. دہلی کے تمام ڈسٹرکٹ ڈپٹی کمشنر آف پولیس

نقل برائے اطلاع بخدمت:

1. عزت مآب لیفٹننٹ گورنر، دہلی کے پرائیویٹ سیکرٹری
2. عزت مآب وزیر اعلیٰ، خطہ قومی راجدھانی حکومت دہلی کے اڈیشنل سیکرٹری
3. عزت مآب نائب وزیر اعلیٰ، خطہ قومی راجدھانی حکومت دہلی کے سیکرٹری

4. عزت مآب وزیر صحت، خطہ قومی راجدھانی حکومت دہلی کے سیکرٹری
5. عزت مآب وزیر ریوینیو، خطہ قومی راجدھانی حکومت دہلی کے سیکرٹری
6. عزت مآب وزیر محنت، خطہ قومی راجدھانی حکومت دہلی کے سیکرٹری
7. عزت مآب وزیر سماجی بہبود، خطہ قومی راجدھانی حکومت دہلی کے سیکرٹری
8. عزت مآب وزیر خوراک ورسد، خطہ قومی راجدھانی حکومت دہلی کے سیکرٹری
9. پرنسپل سیکرٹری (ریوینیو) نیز ڈویژنل کمشنر، خطہ قومی راجدھانی حکومت دہلی
10. پرنسپل سیکرٹری (صحت اور خاندانی بہبود)، خطہ قومی راجدھانی حکومت دہلی
11. ڈی ڈی ایم اے، دہلی کی اسٹیٹ ایگزیکیٹو کمیٹی کے تمام اراکین
12. ڈائرکٹر، ڈی آئی پی، دہلی برائے وسیع تشہیر
13. ایس آئی او، این آئی سی، حکومت دہلی کی ویب سائٹ پر اس کی اشاعت کے لیے
14. گارڈ فائل